گوشہ تعارف وتبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

کتاب کا نام : Moon Sighting In Australia

مصنف : مولانا ڈاکٹر شبیر احمد

ناشر : مکتبہ یادگار شیخ الاسلام پاکستان علامہ شبیر احمد عثمانیؒ

قیمت وصفحات : قیمت درج نہیں۔ ۱۴۰ صفحات

مولانا ڈاکٹر شبیر احمد کسی تعارف کے محتاج نہیں مجلّہ کے قارئین موصوف کے نام اور کام سے آگاہ ہیں ڈاکٹر صاحب آسٹریلیا میں عظیم تبلیغی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ موصوف کی متعدد تصانیف شائع ہو چکی ہیں ان میں سے ایک کتاب چاند کی پیدائش اور رویت ہلال پر ہے۔ کتاب میں چاند کی پیدائش، پیدائش وظہور کے لمحات اور اس کے مطابق عیدوں وغیرہ کا اہتمام مدلل انداز میں بیان کیا گیا ہے اس میں کوئی شک نہیں پاکستان میں نا اہل افراد کو رویت ہلال کمیٹی کا چیئرمین بنایا گیا ہے جس کی وجہ سے متعدد عیدیں برباد ہو چکی ہیں اسی قسم کے مسائل آسٹریلیا میں بھی تھے جسے طویل عرصے کے بعد مصنف نے دلائل کی بنیاد پر حل کرنے کی کوشش کی ہے

کتاب کا نام : مقدمہ قادیانیت

مصنف : سیدہ نسیمہ ہاشمی

ناشر : مطبوعات ہاشمی کراچی

قیمت وصفحات : ۲۰ روپے ۳۹ صفحات

مصنفہ نے جامعہ کراچی میں ایم اے اسلامیات کے دوران ختم نبوت کے موضوع پر یہ کتابچہ تصنیف کیا جو کہ عام مسلمانوں اور اہل علم کی رہنمائی کیلئے ہے۔ اس کتابچہ میں قادنیات کی ابتداء، دعویٰ مسیحیت، قادیانیوں کے عقائد، علماء کرام کا فتویٰ اور قادیانی خلفاء کا مختصر تعارف کرایا گیا ہے